# رپورٹ بابت استحکام، کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری

کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری سانگھڑ شوگر ملز کے وژن، مشن اور ضابطہ اخلاقیات کا جزو لاینفک ہے۔ سانگھڑ شوگر ملز لمیٹڈ (کمپنی) اپنی معاشرتی اور اخلاقی ذمہ داریوں کو تسلیم کرتی ہے تاکہ اس کاروبار کو ایسے محفوظ انداز سے چلایا جائے کہ اسے آنے والی نسلوں کیلئے محفوظ کیا جا سکے۔ کاروبار چلانے میں استحکام کی پالیسی ایک بنیادی جزو کی حیثیت رکھتی ہے۔ کمپنی اپنے احساس ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے اس بات کو اپنا فرض سمجھتی ہے کہ استحکام سے متعلق اٹھائے جانے والے تمام اقدامات کے سلسلے میں اپنے شراکت داروں کو مکمل طور پر آگاہ رکھے اور انھیں اس بات سے آگہی فراہم کرے کہ کمپنی کی جانب سے قومی معیشت، ماحولیات، صحت عامہ، فروغ تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی خاطر کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری نبھانے کے سلسلے میں کن سمتوں کا تعین کیا گیا ہے۔

کمپنی کی جانب سے ایسے کئی اقدامات اٹھائے گئے ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ کمپنی پورے معاشرے کی فلاح و بہبود کیلئے پرعزم ہے۔ زیرِ نظر دورانیے کے دوران بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کی پالیسی کی منظوری دی گئی اور کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داریوں کی ادئیگی کی نگرانی کرنے کیلئے باقاعدہ ایک علیحدہ کمیٹی کا قیام بھی عمل میں لایا گیا ہے جو کہ سہ ماہی اور سالانہ بنیادوں پر بورڈ کو اس سلسلے میں اپنی رپورٹ پیش کرنے کے پابند ہونگے۔ کارپوریٹ معاشرتی کمیٹی چار ممبران پر مشتمل ہے جن میں سے تین ممبران غیر انتظامی ڈائریکٹرز ہیں اور ایک ممبر کو انتظامیہ سے لیا گیا ہے۔ کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کمیٹی کے ممبران درج ذیل ہیں:

| ممبران کے نام | عہدہ |
|---|---|
| 1۔ جناب رحیم بخش | چیرمین |
| 2۔ جناب محمد اسلم | ممبر |
| 3۔ جناب شاہد عزیز | ممبر |
| 4۔ سید ریحان احمد ہاشمی | ممبر (نمائندہ از انتظامیہ) |

### ذمہ داریاں

بورڈ کی جانب سے اس کمیٹی کے ممبران کے ذمے کچھ ذمہ داریاں لگائیں گئی ہیں جن میں سے چند ذمہ داریاں انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔ ان ذمہ داریوں کا احوال ذیل میں پیش کیا جارہا ہے:

☆ کمپنی کی کارپوریٹ حکمت عملی کو تشکیل دینے اور اس سے اتفاق کرنے میں ایک ایسا کردار ادا کرنا کہ کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری ہر لحاظ سے کمپنی کی حکمت عملی کا جزو لاینفک رہے اور اس پالیسی کو عملی جامہ پہنانے میں مددگار ثابت ہوں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ انکی جانب سے ان پالیسیوں میں معاشرتی فلاح و بہبود، ماحولیات اور قومی معیشت کی ترقی کا پورا پورا لحاظ رکھا گیا ہو۔

☆ اس بات کو یقینی بنانا کہ کمپنی کی سطح پر تمام افراد کے مابین اس سلسلے میں اتفاق رائے پیدا کیا جائے، اس بات کو یقینی بنانا کہ تمام شراکت دار بشمول حصص داران، صارفین، سپلائر، ملازمین اور مجموعی طور پر پورا معاشرہ اس سے نفع اٹھائے اور یہ کہ اس سلسلے میں مرتب کی جانے والی سرگرمیوں کا کاروبار کے

استحکام وترقی سے تعلق ہواورانہیں اس انداز سے روبہ عمل کیاجائے کہ ان سے کارپویٹ معاشرتی ذمہ داری احساس مکمل طور پر اجاگر ہوتا ہواور پورا معاشرہ اس کے مثبت اثرات کے ثمرات کومحسوس کرے۔

- ☆ کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کے سلسلے میں پالیسیاں بنانا اورانہیں بورڈ سے منظور کروانا اوراس بات کو یقینی بنانا کہ کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کی پالیسیوں میں ماحولیات،صحت عامہ اورحفاظت،مصنوعات کی جانچ،کاروبار چلانے کے معیارات،اخلاقیات،ملازمین اورانکی ترقی،فلاح وبہبود کے کاموں اورمعاشرے کیلئے اٹھائے جانے والے اقدامات کی بھرپورنمائندگی ہوتی ہو۔
- ☆ اس قسم کے اقدامات اٹھانا کہ کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کی پالیسیوں کومؤثر انداز سے منصوبہ بندی کی شکل میں ڈھالا جاسکے تاکہ ان کا نفاذ ممکن ہواور کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کے تحت کسی پروگرام پر اتفاق پیدا کرنااور ہر مالی سال کے دوران اس بات پر توجہ دینا کہ اس سلسلے میں اہداف اورکارکردگی کے معیارات مقرر کیے جائیں۔
- ☆ کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری سے متعلق تمام پالیسیوں پر کڑی نظر رکھنااوران پر نظرثانی کرنا کہ اس سلسلے میں مقرر شدہ اہداف کوکس حدتک حاصل کیا گیا۔
- ☆ انتظامیہ اور بورڈ کی دیگر کمیٹیوں کے ممبران سے رابطے میں رہتے ہوئے ماحولیات،معاشرتی بہبود،صحت اور حفاظت اور رسک سے متعلق ایسے امور کی نشاندہی کرنا جوکہ توجہ طلب ہوں اوراس بات کو یقینی بنانا کہ ایسے اقدامات اٹھائے جائیں کہ اس قسم کے رسک کوکم کرنے میں مدد مل سکے۔
- ☆ کمپنی کے بیرونی شراکت داروں کوکارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری سے متعلق جوبھی رپورٹنگ کی جارہی ہے اس رپورٹنگ کی جانچ پڑتال کرنا کہ اس میں معیار اوردیانتداری کوملحوظ خاطر رکھا گیا ہو بالخصوص سالانہ رپورٹس کی اشاعت کے وقت ان میں کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری سے متعلق رپورٹ کوشائع کروانے کے سلسلے میں بورڈ کے سامنے روپورٹ کوپیش کرنااوراسے بورڈ سے منظور کروانا۔
- ☆ کاروبار کے دائرے کے اندراندر کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری سے متعلق مسائل کواجاگر کرنے کی غرض سے مؤثر مواصلاتی نظام مرتب کرنا۔
- ☆ اگرضرورت محسوس ہوتو کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کمیٹی کے اقدامات کومؤثر انداز سے عملی جامہ پہنانے کی غرض سے بیرونی مشیروں کوتعینات کرنااور اس سلسلے میں انتخاب کا معیار،انتخاب کی شرائط اورمشیروں کے مشاہرے مقرر کرنے میں معاونت کرنا۔
- ☆ کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کمیٹی کے ہراجلاس میں کمٹمنٹ اسٹیٹمنٹ کوپیش کرنااوراس پر اتفاق رائے حاصل کرنا تاکہ کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کی تعریف اورکاروباری سرگرمیوں میں اقدار،وژن اورعزائم کے اعتبار سے کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کے مقام کا تعین کیا جاسکے۔(درکاروسائل، وقت اورافرادی قوت کا تعین کرنا)
- ☆ کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کے پروجیکٹس جہاں جاری ہوں ان میں ترجیحی مقامات کی نشاندہی کرنااورآئندہ آنے والے پروجیکٹس کیلئے منصوبہ بندی اورعملی اقدامات کرنا۔
- ☆ کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کی سرگرمیوں کے سلسلے میں درکاروسائل کی نشاندہی کرنا،اس سلسلے میں وسائل کا قطعی تعین کرنا(مقداری)،قطعی طور پر طریق کاروضع کرنا اورکارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کی سرگرمیوں کیلئے درکاررقم کا تعین کرنا۔جس طریق کار پر کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کے سلسلے میں وسائل کومختص کیاجانا مقصود ہویاجس معیار کے تحت سرگرمیوں کا چلانا مقصود ہوانہیں باقاعدہ بورڈ/ کمیٹی سے منظور کروانا۔

☆ کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کے ممبران کیلئے تعارفی پرگرام مرتب کروانا اوراس بات کو یقینی بنانا کہ ممبران اور بورڈ کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کی سرگرمیوں سے خاطرخواہ آگاہی رکھتے ہیں تاکہ اس سلسلے میں ٹھوس فیصلے کریں اوراس کے ساتھ ساتھ کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کو بورڈ کی سالانہ جانچ کا حصہ بھی بنایا جاسکے۔

☆ کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کے ضمن میں ادارے کی سوچ کو واضح کرنا۔

☆ کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری پرمبنی سرگرمیوں کی نگرانی کرنا اوران کی جانچ پڑتال کرنا۔

☆ ان سرگرمیوں کے سلسلے میں اگر کوئی کمی یا کوتاہی رہ جائے تو ان کی نشاندہی کرنا اوران کا ریکارڈ رکھنا۔

☆ مستقبل میں کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کی پالیسیوں اورمنصوبہ بندی میں اصلاحات پیدا کرنا۔

☆ اس کے علاوہ گاہے بگاہے کارپوریٹ معاشرتی ذمہ داری کے ضمن میں ایسے مسائل کو زیرغور لانا جن کی نشاندہی بورڈ کی جانب سے کی جاتی رہے۔

## اہم امور

ایک ذمہ دار کارپوریٹ شہری ہونے کے ناطے کمپنی کی جانب سے ان درج ذیل اہم امور کی نشاندہی کی گئی ہے جو مثبت انداز سے ہمارے معاشرے پر اثر انداز ہوتے ہیں:

☆ ملازمت کے مواقع

☆ صحت وحفاظت

☆ تعلیم کا فروغ

☆ ماحولیات کی حفاظت

☆ معاشی ترقی

## رپورٹ

ذیل میں پیش کی جانے والی رپورٹ کمپنی کے تمام شراکت داروں کو ان اقدامات سے آگاہی میں معاون ثابت ہوگی جو کہ کمپنی کیجانب سے پالیسیوں کی پاسداری کے سلسلے میں اٹھائے گئے ہیں:

☆ علاقے میں گنے کے کاشتکاروں کی مدد کرنا اورانھیں بہتر معیار کے بیج اور کھاد فراہم کرنا تاکہ بہتر معیار کے گنے کی پیداوار کو ممکن بنایا جاسکے اور پیداوار کے ساتھ گنے کے معیار میں بھی اضافہ ہو تاکہ مستقبل میں گنے کی بلاتعطل سپلائی کو ممکن بنایا جاسکے جو کہ شگر ملوں کے پیداواری عمل ایک بنیادی خام مال کی حیثیت رکھتا ہے۔

☆ وطن عزیز کے دیہی علاقوں میں جہالت کو دور کرنے کیلئے کمپنی کی جانب سے القلم ویلفیئر ٹرسٹ اسکول قائم شدہ2008 کے توسط سے ایک تعلیمی پروگرام شروع کیا گیا ہے اوراس کے علاوہ ملز ایمپلائز کالونی سے متصل علاقے میں مل کے ملازمین اور گردونواح کے لوگوں کو رعایتی فیس کے ساتھ تعلیم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کئے جارہے ہیں جہاں ماہر اساتذہ کی زیرنگرانی تعلیمی عمل جاری ہے۔ تعلیمی عمل کا آغاز ایک کمرے میں کنڈرگارڈن میں

دس طلباء کے داخلے سے ہوا لیکن اب یہ ایک مکمل ادارہ بن چکا جہاں آٹھویں جماعت تک 230 طلباء زیر تعلیم ہیں (150 لڑکے اور 80 لڑکیاں)۔ اب اس اسکول میں بہترین عمارتی ڈھانچہ، صاف ستھرا ماحول، روشنی اور ہوا کے انتظام کے ساتھ بڑی بڑی درسگاہیں، کمپیوٹر لیبارٹری، لیبارٹری، کھیل کا میدان، تک شاپ اور بلاتعطل بجلی کی فراہمی جیسی اہم اور بنیادی سہولیات کو بہم فراہم کیا جارہا ہے۔ اسکول کے اساتذہ میں ایک ہیڈ مسٹریس، چودہ خواتین اساتذہ، ایک عربی کی معلّمہ (عالمہ) شامل ہیں۔ اسکول چلانے کا بنیادی مقصد علاقے کے غریب عوام کو تعلیم سہولیات فراہم کرنا ہے اور اس کے علاوہ لڑکیوں کی تعلیم کی حوصلہ افزائی کرنا، طلباء کو اس بات پر آمادہ کرنا کہ اسلامی تعلیمات کو اپنی سماجی زندگی کا حصہ بنائیں اور اپنا مقام پہچانیں۔ ان دورافتادہ علاقوں میں تعلیمی سہولیات کی فراہمی بذات خود ایک بڑا مسئلہ ہے بالخصوص ان علاقوں میں جہاں لوگ اس قسم کی جدید اور معیاری سہولیات کو اپنی کم قوت خرید کی وجہ سے برداشت ہی نہیں کر سکتے۔ مزکورہ بالا تعلیمی سرگرمیوں کے علاوہ چند سرگرمیوں کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے جیسا کہ سالانہ کھیلوں کا دن اور والدین کا دن وغیرہ۔

☆ کمپنی ٹیکسوں، ریٹس اور دیگر لیویز کی مدات میں قومی خزانے میں اپنا حصہ ملا کر قومی ترقی میں اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔

☆ معاشرے کی صحت، حفاظت اور ماحولیات سے متعلق ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مقاصد کے حصول کی کوشش کی جاتی ہے۔ کمپنی کی جانب سے حادثات کو کم از کم سطح پر رکھنے، ضروری طبی سہولیات فراہم کرنے اور مل کے ارگرد کے علاقے کو سرسبز و شاداب رکھنے کیلئے بھی مسلسل کوشش کی جاتی ہیں۔ ملازمین کی صحت اور افعال کار میں سیفٹی کے معیارات پر عمل کرنے اور بالعموم صارفین اور عوام الناس کی فلاح و بہبود کیلئے بھی اقدامات اٹھائے جاتے ہیں۔ کمپنی کی جانب سے ماہر ڈاکٹروں کی زیر نگرانی کمپنی کے ملازمین اور گردونواح کے عوام کیلئے ایک معیاری ڈسپنسری بھی چلائی جا رہی ہے۔

زیر نظر مالی سال کے دوران کمپنی کے احاطے کے اندر یکم اور دوم فروری 2017 کو دو دن کا ایک مفت طبی کیمپ برائے امراض چشم لگایا گیا۔ اس کیمپ کے دوران باہر سے آنے والے تقریباً 1,099 مریضوں نے فائدہ اٹھایا اور 289 مریضوں کے کامیاب آپریشنز بھی کئے گئے۔ کیمپ لگائے جانے سے پہلے ریڈیو، کیبل، سوشل میڈیا اور پمفلٹ کے ذریعے ایک اشتہاری مہم بھی چلائی گئی تا کہ ضرورت مند افراد کو کیمپ سے متعلق مناسب آگہی ہو سکے۔ سانگھڑ اور پیرومل کے علاقے کے لوگوں کو اس کیمپ کیلئے آمد و رفت کے سلسلے میں مفت سہولیات بھی فراہم کی گئیں تھیں۔ ڈاکٹروں، ان کے اسٹاف اور مریضوں اور ان کے تیمارداروں کیلئے مفت رہائش اور کھانے پینے کا بندوبست بھی کیا گیا تھا۔ مریضوں کا طبی معائنہ مفت کیا گیا اور انھیں، مفت ادویات کے ساتھ ساتھ مفت آپریشن کی سہولیات بھی فراہم کی گئیں۔ پورے کیمپ کے تمام اخراجات ہمارے ایگزیکٹیوز کی جانب سے ذاتی طور پر برداشت کئے گئے تھے اور آئی کیمپ کے اخراجات بھی انہی کی جانب سے ادا کئے گئے جو 1,000 ہزار روپے کے لگ بھگ تھے۔

☆ اپنے ملازمین کیلئے صحت کی سہولیات میں ترقی اور اضافے کی غرض سے کمپنی نے وزارت سمندر پار پاکستانی وترقی انسانی وسائل، ورکرز ویلفیئر فنڈ، اسلام آباد سے رابطہ کیا ہے اور انکی جانب سے آمادگی کا اظہار کیا گیا ہے کہ وہ ورکرز ویلفیئر فنڈ سے سانگھڑ شوگر ملز کے احاطے میں پچاس بستر پر مشتمل ایک ہسپتال بنا کر دینے کو تیار ہیں اگر کمپنی کیجانب سے پانچ ایکڑ زمین وقف کی جائے (کسی بھی قیمت یا رہن کے بغیر) اور اس زمین کو ورکرز ویلفیئر فنڈ، وزارت سمندر پاس پاکستانی وترقی برائے انسانی وسائل حکومت پاکستان کے نام منتقل بھی کر دیا جائے۔

غیر معمولی اجلاس عام مؤرخہ 23 نومبر 2016 کے دوران کمپنی کے حصص داران نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی اس تجویز کی منظوری دے دی کہ سانگھڑ شوگر ملز کی ملکیت میں موجود 320 ایکڑ زمین میں سے پانچ ایکڑ زمین وقف کی جائے (کسی بھی قیمت یا رہن کے بغیر) جس کی مالیت 2.5 ملین روپے بنتی ہے۔

سانگھڑ شوگر ملز کے احاطے میں مزکورہ بالاہ پچاس بستر پر مشتمل ہسپتال کی تعمیر کی غرض سے پانچ ایکڑ زمین کو( کسی بھی قیمت یا رہن کے بغیر) ورکرز ویلفیئر فنڈ، وزارت سمندر پاس پاکستانی وترقی برائے انسانی وسائل حکومت پاکستان کے نام منتقل کئے جانے کے سلسلے میں کاغذی کاروائی کا عمل تاحال زیر تکمیل ہے۔

☆ کمپنی کی کوششیں بنیادی طور پر اس سمت میں ہیں کہ کمپنی سے متعلق ملازمین اور کمیونٹی کے سماجی حالات میں بہتری پیدا کی جائے اور اس مقصد کیلئے مناسب حالات کار، پیشہ ورانہ سیفٹی، سماجی اخلاقی اقدار کا تعین، کم از کم اجرت کا تعین اور بچوں سے یا جبری مشقت کے خلاف عدم برداشت جیسے اقدامات اٹھائے جائیں۔

☆ کمپنی مستقل بنیادوں پر کوشش کرتی رہتی ہے کہ مل کے اردگرد علاقے کو سرسبز وشاداب اور صاف ستھرا رکھا جائے اور صفائی ستھرائی سے متعلق مناسب سہولیات فراہم کی جائیں۔ کمپنی کی جانب سے ایک فلٹر پلانٹ اور واٹر ٹینک کا بندوبست کیا گیا ہے تاکہ پینے کیلئے صاف پانی کی فراہمی کو ممکن بنایا جاسکے اور کمپنی کی جانب سے اس سسٹم کی مسلسل دیکھ بھال بھی کی جاتی ہے۔

☆ دیہی علاقوں میں آباد افرادی قوت کی ملازمت کیلئے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے تاکہ انھیں اس سے زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہوں اور ان کے معیار زندگی میں بھی بہتری پیدا کی جاسکے۔

☆ انسانی وسائل سے متعلق شعبے کی جانب سے ایسی پالیسیاں اور طریق کار وضع کئے اور اپنائے جاتے ہیں جن سے ظاہر ہو کہ ملازمت کیلئے انتخاب اہلیت کی بنیاد پر اور شفاف انداز سے کیا جاتا ہے، کام کو جانچنے کیلئے بامقصد اہداف مقرر کئے جاتے ہیں اور انہی اہداف کے حصول کی روشنی میں بعدازاں تنخواہوں میں اضافے، ترقی، بونس اور نقد انعامات وغیرہ کا فیصلہ بھی کیا جاتا ہے۔ ایک زمہ دار کارپوریٹ معاشرتی شہری ہونے کے ناطے کمپنی کی جانب سے خصوصی افراد کو باعزت انداز سے ملازمت کے مواقع فراہم کئے جاتے ہیں اور انھیں اس انداز سے تربیت دی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کیلئے ایک قیمتی اثاثہ ثابت ہوں۔ ہماری جانب سے چند خصوصی افراد کو اہم ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ کمپنی کی جانب سے تمام افراد سے بلاامتیاز سلوک روا رکھا جاتا ہے اور انھیں انکے کام کی اجرت رائج الوقت معیار کے مطابق ادا کی جاتی ہے۔ کمپنی کی جانب سے سالانہ چھٹیوں، آمدورفت کی سہولیات، مطعم، کام کے دوران محفوظ ماحول، گروپ انشورنس، ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹس کی ادائیگی، ورکرز ویلفیئر فنڈ اور ورکرز پرافٹ پارٹیسیپیشن فنڈ جیسی اہم سہولیات بھی فراہم کی جاتی ہیں۔ کمپنی اپنے ملازمین کی نجی زندگی میں عدم مداخلت کے اصول پر بھی یقین رکھتی ہے اور سختی کے ساتھ اس اصول پر عمل پیرا ہے۔

☆ پاکستان اس وقت توانائی کی پیداوار کے سلسلے میں ایک شدید بحران کا شکار ہے۔ اس کا لازمی نتیجہ ہے کہ ہر سیکٹر میں خواہ وہ گھریلو صارفین ہوں یا صنعتی شعبہ کو متواتر لوڈ شیڈنگ کی صورت حال کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ توانائی کی پیداوار کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے کمپنی کی جانب سے اس شعبے میں خاطر خواہ سرمایہ کاری کی جارہی ہے۔ اس سلسلے میں آلات اور مشینری کی تنصیبات کی جارہی ہے جس سے حاصل ہونے والی بجلی اولاً تو کمپنی اپنے صنعتی عمل میں استعمال کرتی ہے اور اضافی بجلی کو حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کو فروخت کردیا جاتا ہے تاکہ لوڈ شیڈنگ کے عفریت پر کسی حد تک قابو پانے میں مدد مل سکے۔